# والدین اور دیگر لوگوں کے فرائض

**والدین اور دیگر لوگوں کے لئے فرائض: نئی قانونی ذمہ داریاں**

جون 2019 میں، حکومتِ کینیڈا نے *طلاق کے قانون (ڈیوورسایکٹ)* میں تبدیلیاں کیں۔ کچھ تبدیلیاں والدین اور دوسروں کے لئے جنہیں بطور والد/ والدہ بچے کی پرورش (پیرنٹنگ) میں وقت دینا ہے یا جن پر فیصلہ سازی کی ذمہ داری ہے، یا جو *طلاق کے قانون (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت کسی عدالتی معاملے میں فریق ہیں، نئے فرائض پیدا کرتی ہیں۔ ان تبدیلیوں میں قانونی مشیروں کے لئے بھی نئے فرائض شامل ہیں۔ یہ تبدیلیاں یکم مارچ، 2021 سے لاگو ہوتی ہیں۔

بچوں سے متعلق خاندانی قانون (فیملی لاء) کے تمام معاملات میں بچے کے بہترین مفادات کے لئے عمل کرنا اولین ترجیح ہے۔

نیا *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* والدین اور دوسروں کے لئے فرائض طے کرتا ہے تاکہ وہ بچے کے بہترین مفادات میں کام کرپائیں، بشمول جب عدالت شامل ہو جائے۔

*طلاق کے قانون (ڈیوورس ایکٹ)* کی تبدیلیوں میں قانونی مشیروں کے لئے بھی نئے فرائض شامل ہیں تاکہ وہ والدین اور دیگر لوگوں کو اس ایکٹ کے تحت اپنےفرائض کی انجام دہی میں مدد کرسکیں۔

- اگر آپ پر نئے طلاق ایکٹ کے تحت رابطہ آرڈر نافذ ہے تو، یہ فرائض آپ پر بھی لاگو ہوتے ہیں۔
- اگر آپ شریک حیات نہیں ہیں لیکن والد/والدہ کی جگہ پر کھڑے ہیں یا والد/والدہ کی جگہ پر کھڑے ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں تو، یہ فرائض آپ پر بھی لاگو ہوتے ہیں۔

یہ دستاویز

- آپ کو ہر فرض کے بارے میں معلومات دے گا ، اور
- آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کرنے گا کہ اپنی قانونی ذمہ داریوں کو بہترین طریقے سے کیسے پورا کریں۔

## اس صفحے پر


- **بچے کے بہترین مفادات کے لئے کام کرنا**
- **بچوں کو تنازعات سے بچانا**
- **خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِسپیوٹ ریزلیوشن) کی کاروائی کے عمل کو استعمال کرنا**
- **مکمل ، درست اور تازہ ترین معلومات فراہم کرنا**
- **احکامات کی تعمیل کرنا**
- **تصدیق**
- **قانونی مشیروں کے فرائض**


*طلاق کے قانون (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت فریقین کے پانچ فرائض ہیں

### 1) بچے کے بہترین مفادات کے لئے کام کرنا

کسی بچے کے بہترین مفادات میں فیصلے لینا اہم ہے۔ بچوں سے متعلق بہترین مفادات وہ جانچ ہے جو عدالت بچوں سے متعلق مقدمات کا فیصلہ کرتے وقت عمل میں لاتا ہے ، اور اب یہ طلاق کے نئے قانون *(ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت کلیدی فرض ہے۔

نئے طلاق ایکٹ *(ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت، اگر آپ کو بطور والد/ والدہ بچے کی پرورش کا وقت (پیرنٹنگ ٹائم) میسر ہے، آپ پر فیصلہ سازی کی ذمہ داری ہے، یا بچے کے ساتھ آپ کا رابطہ ہے تو، آپ پر لازم ہے کہ ان کی ذمہ داریوں کونبھاتے وقت ان کے بہترین مفادات میں کام کریں۔
نئے طلاق ایکٹ *(ڈیوورس ایکٹ)* میں مخصوص عوامل کی ایک فہرست شامل ہے جس میں آپ کو اور عدالتوں کو یہ طے کرنے میں مدد ملتی ہے کہ کسی خاص صورتحال میں آپ کے بچے کے لئے کیا بہترین ہے۔ یہ عوامل ہیں، جیسے بچے کی

- ضروریات، ان کی عمر اور نشو نما کے مرحلے کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے، جیسے استحکام سے متعلق ان کی ضروریات
- تعلقات، والد یا والدہ میں سے ہر ایک کے ساتھ
- تعلقات، بہن بھائیوں، دادا دادی/ نانا نانی اور ان کی زندگی کے دیگر اہم افراد کے ساتھ
- بچے کی دیکھ بھال کے انتظامات، علیحدگی سے پہلے ہی اور مستقبل کے لئے بچے کی نگہداشت کے منصوبے
- نظریئے اور ترجیحات
- ثقافتی، لسانی ، مذہبی اور روحانی پرورش اور ورثہ ، بشمول سودیشی (Indigenous) پرورش اور ورثہ

دیگر عوامل میں والد یا والدہ دونوں میں سے ہر ایک کی قابلیت اور رضامندی شامل ہوتی ہے

- بچے کی دیکھ بھال کرنے سے متعلق
- دوسرے والد/والدہ کے ساتھ بچے کے رشتے کی حمایت کرنے سے متعلق
- بطور والد/ والدہ بچے کی پرورش (پیرنٹنگ) کے امور کے بارے میں تعاون اور تبادلئہ خیال کرنے سے متعلق

ایسے اور بھی عوامل ہیں جو بچے کی سلامتی کو متاثر کرسکتے ہیں جیسے

- خاندان کے اندر تشدد (مار پیٹ) اور اس کے اثرات
  - بچے کی نگہداشت اور اس کی ضروریات کی تکمیل میں اس شخص کی قابلیت اور رضایت پر، جو شخص اس پرتشدد رویے میں ملوث تھا، اور
  - ایسے حکم نامہ بنانے کی مناسبت پر، جس کے تحت لوگوں ان امور پر تعاون کرنا ہوگا جو امور بچے کو متاثر کرے
- کسی بھی موجودہ سِوِل یا مجرمانہ کارروائی ، آرڈر ، شرط ، یا اقدام جو بچے کی سلامتی ، حفاظت اور فلاح و بہبود سے متعلق ہو

جب آپ اپنے بچے کے بارے میں فیصلے کررہے ہوں تو ان عوامل پر غور کریں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ نیا اسکول منتخب کررہے ہیں تو، آپ اور دوسرے والد/والدہ کا فیصلہ اس پر منحصر ہونا چاہیئے کہ آپ کے بچے کے لئے کونسا بہترین ہوگا۔ اگر آپ اور والد/والدہ میں سے دوسرے متفق نہیں ہوسکتے ہیں تو، فیصلہ سنانے کے لئے جج انہی مندرجہ بالا عوامل پر غور کرے گا۔

| |
|---|
| بہترین مفادات کے عوامل سے متعلق مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔ |

### 2) بچوں کو تنازع سے بچانا

سب سے اہم کام جو آپ اپنے بچے کے لئے کر سکتے ہیں وہ ہے کہ آپ اور دوسرے والد/والدہ کے مابین تنازعہ دیکھنے یا سننے سے انہیں بچائیں۔

نیا طلاق ایکٹ *(ڈیوورس ایکٹ)* آپ کی علیحدگی یا طلاق کے نتیجے میں ہونے والی ممکنہ تنازعات سے اپنے بچوں کو بچانے کی اپنی پوری کوشش کرنے کی ایک خاص ذمہ داری سونپتا ہے ۔

اس فرض کے نبھانے میں مدد کے لئے، درجِ ذیل کچھ چیزوں کو دھیان میں رکھیں:

- ایسے موقعوں پر جب کہ بچے سن سکتے ہیں ,عدالت کے معاملے کی تفصیلات کے بارے میں بحث کرنے یا گفتگو کرنے سے گریز کرنے کی کوشش کریں – یا تو ان گھر میں موجود نہ ہونے تک کا انتظار کریں یا ایسا کہیں جانے کی کوشش کریں جہاں وہ آپ کو سن نہیں سکتے ہیں
- بچوں کے سامنے دوسرے والد/والدہ پر تنقید کرنے یا شکایت کرنے سے گریز کریں
- بچوں کو یہ احساس دلانے سے گریز کریں کہ انہیں دوسرے والدین کے خلاف "طرف داری" لینا پڑے گی

ایک وکیل ، ثالث یا خاندانی قانون (فیملی لاء) کا دوسرا پیشہ ور آپ کو اپنے بچوں کو تنازعات سے بچانے کے لئے حکمت عملی طے کرنے میں مدد کرسکتا ہے۔

### 3) خاندانی تنازعات کے حل کے عمل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن پروسیس) کو استعمال کرنا

*طلاق کے قانون (ڈیوورس ایکٹ)* میں 'خاندانی تنازعہ حل' (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) ایک نئی اصطلاح ہے۔ یہ عدالت سے باہر نمٹانے والی کاروائی ہے جو کہ بطورِوالد/والدہ بچے کی پرورش کرنے کا عمل (پیرنٹنگ) ، خاندانی کفالت، اور کچھ خاندانوں میں، املاک سے متعلق امور کو حل کرنے میں کمبے اس کا استعمال کرسکتے ہیں۔ خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) کے عمل کی مثالوں میں گفت و شنید ، باہمی تعاون سے متعلق قانون، ثالثی (میڈیئشن) اور ثالثی(آربٹریشن) شامل ہیں۔

*نئےطلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت ، آپ کو خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) کے عمل کا استعمال کرکے اپنے خاندانی قانون کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے، لیکن صرف اس صورت میں جب کہ یہ مناسب ہو۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کو خاندانی تشدد کا سامنا کرنا پڑا ہے اور سلامتی کے مسائل جاری ہیں، یا آپ اور دوسرے شخص کے مابین طوت و اختیار (پاور) کا ایک اہم عدم توازن موجود ہے تو خاندانی تنازعات کے حل(فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) کے اعمال مناسب نہیں ہوسکتے ہیں۔

بجائے اس کے کہ جج آپ کے لئے فیصلے کرے، اگر آپ اپنے فیصلے خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) عمل کے استعمال کے ذریعے کریں تو اس کے بہت سارے فوائد ہیں:

- اپنے بچوں کی ضروریات کے بارے میں آپ کو پتہ ہے۔ یہ جج کو سمجھانا مشکل ہوسکتا ہے جو عدالتی کارروائی کے دوران صرف آپ کے اہل خانہ کی سرسری تصویر (یک رُخی نقشہ) دیکھتا ہے
- خاندانی تنازعہ حل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) عدالت میں جانے کے مقابلے میں کم مہنگا اور تیز تر ہوسکتا ہے
- والدین کا تعاون کرتے دیکھنا آپ کے بچوں کے لئے اچھا ثابت ہوسکتا ہے
- خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) کے کچھ اعمال آپ لوگوں کو آپس میں بہتر طور پر بات چیت کرنے کے قابل سکتے ہیں۔

ایک وکیل ، ثالث (میڈیئٹر)یا دیگر خاندانی قانون کے پیشہ ور افراد آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد کرسکتے ہیں کہ خاندانی تنازعہ کے حل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) کے کون سے اعمال آپ کے لئے بہترین ثابت ہوسکتے ہیں۔

.

آپ یہاں محکمہ انصاف کینیڈا (ڈپارٹمنٹ آف جسٹِس کینیڈا) کی ویب سائٹ پر بھی تلاش کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کے علاقے میں سرکار پر مبنی خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِ سپیوٹ ریزولیوشن) کے عمل موجود ہیں یا نہیں۔

| |
|---|
| لوگوں کے پاس علیحدگی یا طلاق سے متعلق امور کے بارے فیصلہ کرنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ آپ اس نقطہ نظر کا انتخاب کرنا چاہیئے جو آپ اور آپ کے کنبہ کے لئے بہترین ثابت ہو گی۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کون سا عمل استعمال کریں، لیکن یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے بچوں کے بہترین مفادات پر توجہ دیں۔ حقیقت نامہ (فیکٹ شیٹ) سے مشورہ لیں – خاندانی تنازعہ کا حل: خاندانی قانون (فیملی لاء) کے معاملات عدالت سے باہر حل کرنا ۔ |

**4) مکمل، درست اور تازہ ترین معلومات فراہم کرنا**

نئے *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* میں کہا گیا ہے کہ فریقین کا فرض ہے کہ وہ *نئےطلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* اور اس کے ضوابط کے تحت مطلوبہ تمام معلومات فراہم کریں۔ ایسا اس لئے ہےتا کہ والدین معاہدے کرسکیں اورعدالتیں درست معلومات کی بنیاد پراحکامات دے سکیں۔

مثال کے طور پر، فیڈرل چائلڈ سپورٹ گائیڈ لائنز (طلاق ایکٹ *(ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت قواعد و ضوابط)) کے تحت بچوں کی کفالت کا معقول اور درست رقم کے تعین میں عدالت کی مدد کرنے کے لئے، آپ کو آمدنی کی مکمل ، درست اور جدید (اپ ٹو ڈیٹ) معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو فراہم کرنے کی ضرورت ہے

- حالیہ ترین تین ٹیکس سالوں میں سے ہر ایک سال کےلئے آپ کے انکم ٹیکس گوشوارے
- حالیہ ترین تین ٹیکس سالوں میں سے ہر ایک کے لئے کینیڈا ریونیو ایجنسی کی طرف سے لگائی گئی ٹیکس کی تشخیص (اسسمنٹ) اور از سرِ نو تشخیص (ری اسسمنٹ) کے نوٹسز

اپنی صورتحال کے انحصار سے، آپ کو دوسری معلومات بھی فراہم کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے، جیسے

- آپ کی آمدنی کا سب سے حالیہ بیان یا تنخواہ کی پرچی(پے سلِپ)، یا آپ کے آجر کی صرف سے ایک خط جس میں آپ کی تنخواہ یا اجرت کا ذکر ہے
- آپ کے کارپوریشن کے مالی بیانات، اگر آپ خود اپنے لئے کام کرنے والے (سیلف ایمپلائڈ) ہیں ، یا اگر آپ کسی کارپوریشن کو کنٹرول کرتے ہیں
- ایمپلائمنٹ انشورینس کی طرف سے حاصل شدہ آمدنی سے متعلق معلومات

| |
|---|
| بچوں کی کفالت کی غرض سے مکمل ، درست اور جدید ترین آمدنی کی معلومات فراہم کرنے کے طریقوں کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔ |

اہل خانہ کی مختلف عدالتوں میں شمولیت

اہل خانہ (فیملیز) بعض اوقات بیک وقت مختلف عدالتوں میں وابستہ ہوجاتے ہیں۔ ایسا اکثر خاندانی تشدد کے معاملات میں ہوتا ہے، جب ممکناً طور پر فوجداری نظام، بچوں کے تحفظ کا نظام، اور خاندانی انصاف کا نظام، سب شامل ہوجائیں۔

یہ حالات بہت مشکل ہوسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر خاندانی عدالت کسی ایسے مجرمانہ حکم نامہ کے بارے میں با خبر نہیں ہے کہ والدین کے مابین کسی مسم کا رابطہ ممنوع ہے تو، جج ایک متضاد پیرنٹنگ آرڈر نافذ کر سکتا ہے۔ اس سے دونوں احکامات کی پیروی مشکل یا ناممکن ہوسکتی ہے اور حفاظتی خطرات پیدا ہوسکتے ہیں۔

اس کو نبٹانے کے لئے، نئے *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* میں کہا گیا ہے کہ ججوں کو اس بات کو مدنظر رکھنا ہوگا کہ آیا کوئی موجودہ یا زیر التواء شہری تحفظ، بچوں کا تحفظ، یا مجرمانہ کاروائی یا طلاق حاصل کرنے والے جوڑے سے متعلق کوئی احکامات موجود ہیں یا نہیں۔

اگر آپ طلاق یافتہ ہیں یا طلاق حاصل کر رہے ہیں اور پیرنٹنگ، بچوں کی کفالت یا زوج کی کفالت کے لئے عدالتی حکم مانگ رہے ہیں تو ضروری ہے کہ آپ عدالت کو کسی مجرمانہ اور بچوں کی تحفظ سے متعلق معاملات یا ایسے احکامات جس میں آپ یا آپ کے سابق/سابقہ شریک حیات شامل ہیں یا آپ دونوں میں سے کسی کے خلاف لگی ہوئی پاندی یا تحفظ کے احکامات، کے متعلق مطلع کریں۔

| |
|---|
| نظام عدل کے مختلف حصوں سے وابستہ خاندانوں کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔ |

آپ پر قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ جب آپ سے طلب کیا جائے تو عدالتوں کو وہ تمام ضروری معلومات فراہم کریں۔ عدالتوں کے پاس کسی شخص کو *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* اور اس کے ضوابط کے تحت، جیسے انکشافی آرڈرز جاری کر کے، مطلوبہ معلومات فراہم کرنے پرمجبور کرنے کے طریقے ہیں، لیکن اس کے نتیجے میں تاخیر ہوتی ہے جو آپ کے بچے کے بہترین مفادات میں نہیں ہے۔

**5) احکامات کی تعمیل**

نیا *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* فریقین کو یاد دلاتا ہے کہ ایک بارجب عدالت حکم دے دیتی ہے تو، آپ کو اس حکم کی تعمیل کرنی ہوگی۔

یہ کوئی نیا فرض نہیں ہے ، لیکن بعض اوقات والدین غلطی سے یقین کرتے ہیں کہ انہیں خاندانی قانون (فیمنی لاء) کے احکامات پر عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

مثال کے طور پر، آپ کو بچوں کی امداد اس وقت تک ادا کرنی ہوگی جب تک کہ آرڈر کی میعاد ختم نہ ہو جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آرڈر اس بات کی نشاندہی نہیں کرتا ہے کہ کب آپ بچوں کی کفالت کی ادائیگی کرنا بند کر سکتے ہیں تو، آپ کو بچوں کی کفالت اس وقت تک ادا کرنی ہوگی جب تک کہ عدالت اس حکم کو تبدیل نہ کرے۔

اسی طرح، اگر عدالت پیرنٹنگ کی ایک مخصوص شیڈول کا حکم دیتی ہے تو، آپ یکطرفہ طور پر، بغیر کسی وجہ کے، دوسرے والد/والدہ کو پیرنٹنگ کا وقت استعمال کرنے سے روک نہیں سکتے ہیں۔
اگر آپ حکم کی تعمیل نہیں کرتے ہیں تو، سنگین قانونی نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، عدالت آپ کے خلاف توہینِ عدالت کا حکم جاری کر سکتی ہے۔ اس کے بعد عدالت متعدد سزایں عائد کرسکتی ہے، بشمول

- عدالت کو ادا کیا جانے والا جرمانہ
- دوسرے فریق کو ان کے عدالتی اخراجات کے لئے ادا کی جانے والی رقم (مثال کے طور پر وکیل کی فیس)
- ایک مہلت کے لیئےجیل، انتہائی معاملات میں

بعض اوقات آپ شائد عدالتی حکم کی تعمیل نہیں کرنا چاہیں گے، کیونکہ آپ کی زندگی یا آپ کے بچے کی زندگی میں کوئی ایسی تبدیلی آئی ہے جو عدالتی حکم کےاحاطے میں نہیں ہے۔ آپ شائد ایسا سوچیں کہ عدالتی حکم آپ کے بچے کے بہترین مفادات میں اب نہیں ہے۔

اس صورتحال میں ، آپ کو دوبارہ عدالت میں جانا پڑے گا تاکہ نئی صورتحال کی عکاسی کرنے کے لئے حکم کو تبدیل کیا جائے۔ جب تک کہ حکم تبدیل نہیں ہوجاتا، آپ کو عدالت کے اصل حکم کی تعمیل کرنی ہوگی۔

| |
|---|
| **یاد رکھیں - آپ کے فرائض ہیں**<br>**1) اپنے بچوں کے بہترین مفادات میں عمل کرنا**<br>**2) اپنے بچوں کو تنازعات سے بچانا**<br>**3) تنازعہ کے حل کی کوشش کرنا، سوائے اس وقت کے جب ایسا کرنا مناسب نہ ہو**<br>**4) اپنے عدالتی معاملہ میں درکار تمام معلومات فراہم کرنا**<br>**5) اپنے عدالتی حکم پر عمل** کرنا |

**تصدیق**

یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے فرائض کا جائزہ لیں اور یہ مطمئن طور پر کہہ سکیں کہ آپ ان کو سمجھتے ہیں۔

نئے *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت ، جب بھی آپ عدالت میں دستاویز داخل کرتے ہیں – چاہے یہ عدالتی معاملہ شروع کرے یا کسی کو جواب دینے کے متعلق ہو – آپ کو اس بات کی تصدیق کرنی ہوگی کہ آپ *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت اپنے پانچ فرائض کو سمجھتے ہیں۔

اس کا اطلاق ہر اس فرد پر ہوتا ہے جو کسی عدالتی معاملے میں فریق ہے۔ آپ کو اس کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہوگی چاہے آپ کے پاس کوئی وکیل ہو یا چاہے آپ خود اپنی نمائندگی کر رہے ہوں۔

**قانونی مشیروں کے فرائض**

نئے *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت، ایک قانونی مشیرایک پیشہ ور ہے جو آپ کو قانونی مشورہ دینے یا ایکٹ کے تحت مقدمات میں آپ کی نمائندگی کرنے کا اہل ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کچھ صوبوں میں نوٹری یا پیرا لیگل بھی اس میں شامل ہوں۔

اس قانون کے تحت آپ کے فرائض کی انجام دہی میں آپ کی مدد کرنے کے لئے قانونی مشیروں کے لئے بھی *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* میں تبدیلیاں، نئی ذمہ داریوں کا تعین کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، قانونی مشیروں کو ضرورت ہے

- اپنے مؤکلوں کو خاندانی معاملہ حل کرنے کے لئے خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِسپیوٹ ریزولیوشن) کے عمل کو استعمال کرنے کی کوشش کرنے کی ترغیب دیں، جب تک کہ یہ واضح طور پر نامناسب نہ ہوں
- ان کے مؤکلوں کو خاندانی انصاف کی خدمات کے بارے میں بتائیں جو ان کو خاندانی معاملہ حل کرنے یا *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے میں مدد کرسکیں

قانونی مشیروں پر یہ ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے کہ وہ آپ کو آپ کے فرائض کی وضاحت کریں : https://www.justice.gc.ca/eng/fl-df/pub.html

| خاندانی انصاف کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔ |
| --- |

اس بات کی تصدیق کرنا بھی قانونی مشیروں کا فرض ہے کہ انہوں نے *طلاق ایکٹ (ڈیوورس ایکٹ)* کے تحت اپنے فرائض کی تعمیل کی ہے۔

**متعلقہ لنکس**

- منصوبے بنانا: علیحدگی یا طلاق کے بعد پیرنٹنگ کے انتظامات کے لئے ایک رہنما
- پیرنٹنگ کی منصوبہ بندی کی چیک لسٹ
- پیرنٹنگ کی منصوبہ بندی کا آلہ
- پیرنٹنگ کا حقائق نامہ (فیکٹ شیٹ)
- خاندانی تنازعات کے حل (فیملی ڈِسپیوٹ ریزولیوشن) کا حقائق نامہ (فیکٹ شیٹ)
- طلاق اور خاندانی تشدد کا حقائق نامہ (فیکٹ شیٹ)